# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اِسلام آباد
## (شعبۂ تاریخ)

**وارننگ**

**عزیز طلبه ! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که :**

1۔ **اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2۔ **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: **جدید دنیائے اسلام (نظر ثانی شدہ) (9138)** سمسٹر: **خزاں، 2025**

سطح: بی ایس

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

**ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)**

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

# اِمتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر: 1 تا 4)

سوال نمبر 1- درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (20)

1۔ بیروت میں شاہی پروٹسٹنٹ کالج کب بنا؟

2۔ نپولین نے مصر پر کب حملہ کیا؟

3۔ پہلی جنگ عظیم کب ہوئی؟

4۔ بلقان کی جنگیں کب ہوئیں؟

5۔ بالشویک کب برسر اقتدار آئے؟

6۔ کرغیز اور قازق جمہوریتوں کا قیام کب عمل میں آیا؟

7۔ پہلی جنگ عظیم میں ترکی نے کس ملک کا ساتھ دیا؟

8۔ ترکی میں تیسری بار مارشل لاء کب لگا؟

9۔ سعد آباد پیکٹ کب ہوا؟

10۔ برصغیر میں انگریزوں کی آمد کے اثرات کی ابتداء کب ہوئی؟

سوال نمبر 2۔ پاکستان کو ابتدا میں مختلف سیاسی، سماجی، معاشی اور آئینی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ ان مسائل کا تنقیدی جائزہ لیں نیز بتائیں کہ ان کے تدارک کے لئے کیا کیا اقدامات کئے گئے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ پاکستان کی 1985ء تک کی خارجہ پالیسی کے مختلف ادوار کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ ضیاء الحق کے دور میں نفاذ اسلام کے لئے جو اقدامات کئے گئے ان کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ افغان سیاست میں سردار محمد داؤد کے دور کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# اِمتحانی مشق نمبر 2

**(یونٹ: 5 تا 8)**

سوال نمبر 1- درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (20)

1- یمن کا فرانسیسی تیل کمپنی کے ساتھ معاہدہ کب ہوا؟

2- شاہ فیصل کا انتقال کب ہوا؟

3- معاہدہ بغداد کب اور کن ممالک کے درمیان ہوا؟

4- شام میں تیل کب دریافت ہوا؟

5- ابوظہبی کے شیخ زید بن سلطان النیہان کب حکمران بنے؟

6- صدام حسین کب برسرِ اقتدار آئے؟

7- مصر انجمن اقوام کا رکن کب بنا؟

8- انیگلو مصری معاہدہ کب ہوا؟

9- اردن کے شاہ عبداللہ کب قتل ہوئے؟

10- یوگوسلاویہ کے سربراہ مارشل ٹیٹو کا انتقال کب ہوا؟

سوال نمبر 2۔ سعودی عرب کے شاہ خالد اور شاہ فہد کے دور کے اہم واقعات کا تنقیدی جائزلیں۔اس دور کی خارجہ پالیسی کے اہم خدوخال کیا کیا تھے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ عراق میں عبدالکریم قاسم اور عبدالسلام عارف کے ادوار کا تقابلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ شام میں کرنل ادیب ششکلی اور مصطفیٰ حمدون کے دور کے اہم واقعات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ لیبیا کے جمال عبدالناصر اور انوار السادات کی پالیسیوں کا تقابلی جائزہ لیں نیز لیبیا کے پاکستان کے ساتھ تعلقات کی وضاحت کریں۔ (20)